سوال

(203)زنا کرنے کے بعد توبہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

اگر کسی شادی شدہ مسلمان مرد سے زنا سرزد ہوجائے، توکیا ایسے شخص کے لئے توبہ کی گنجائش موجود ہے، اگر ہے تو برائے مہربانی توبہ کا طریقہ کار بھی بتادیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زنا ایک انتہائی قبیح ترین گناہ ہے،اور کسی بھی مسلمان کی شان کے لائق نہیں ہے کہ وہ اس میں مبتلا ہو۔لیکن اللہ تعالی بہت ہی غفور الرحیم اور بخشنے والے ہیں۔اگر کوئی بندہ اخلاص کے ساتھ توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالی اس کی توبہ کو ضرور قبول کرتے ہیں،اور اس سے بہت زیادہ خوش ہوتے ہیں۔

توبہ کا طریقہ یہ ہے کہ آپ دو رکعت نماز ادا کریں اور اللہ سے رو رو کر اپنے گناہ کی معافی مانگیں اور ساتھ ساتھ اللہ تعالی سے یہ وعدہ کریں کہ آپ دوبارہ یہ گناہ نہیں کریں۔اللہ تعالی آپ کی سوچ کو پاکیزہ بنائے اور آپ کے اس گناہ کو معاف فرمائے۔آمین

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی